الامام الہمام شیخ الاسلام ابی یعلی کی شہرہ آفاق کتاب مسند ابی یعلی الموصلی کی احادیث

کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ بمع تخریج

مصنف:

الامام الہمام شیخ الاسلام ابی یعلی احمد بن علی بن المثنی الموصلی

المتوفی سنۃ ۳۰۷ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

مُسنَدُ أبي يعلى الموصلي

مصنف:
الامام العام شیخ الاسلام ابی یعلی احمد بن علی بن المثنی الموصلی
المتوفی سنۃ ۳۰۷ھ

مترجم
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

جلد پنجم

بار اول	ستمبر 2016
پرنٹرز	آصف صدیق، پرنٹرز
سرورق	النافع گرافکس
تعداد	1100/-
ناشر	چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول میاں شہزاد رسول
قیمت	=/ روپے

ملنے کے پتے

اسلام بکڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941
0323-8636778

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ٥ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ٥ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

6510 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا، فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ، فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ، فَإِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ، ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تمہاری لونڈی زنا کرے، اس کا زنا کرنا واضح ہو اس کو حد لگائی جائے اور جلا وطن نہ کیا جائے۔ اگر دوبارہ زنا کرے اس کو حد لگائی جائے اور جلا وطن نہ کیا جائے، اگر پھر زنا کرے اس کو حد لگائی جائے اس کو جلا وطن نہ کیا جائے اور پھر اگر زنا کرے تو اس کو فروخت کر دے اگرچہ ایک بالوں کے گچھے کے بدلے ہو۔

6511 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَنْتَظِرُ أَحَدُكُمْ إِلَّا غِنًى مُطْغِيًا، أَوْ فَقْرًا مُنْسِيًا، أَوْ مَرَضًا مُفْنِدًا، أَوْ مَوْتًا مُجْهِزًا، أَوِ الدَّجَّالَ فَالدَّجَّالُ شَرُّ غَائِبٍ يُنْتَظَرُ، أَوِ السَّاعَةَ فَالسَّاعَةُ أَدْهَى وَأَمَرُّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں کوئی انتظار کرتا ہے ایسی غنا کا جو سرکش بنا دے۔ ایسی محتاجی کا جو بھلا دے، ایسی مرضی کا جو ختم کر دے یا ایسی موت کا جو اچانک آئے، یا دجال کا؟ وہ دجال بدترین ہے غائب چیزوں میں جس کا انتظار کیا جاتا ہے یا قیامت کا تو قیامت اس سے بھی زیادہ ہولناک ہے۔

6512 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُوسَى بْنِ يَزِيدَ الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي فُدَيْكٍ قَالَ: حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ سُلَيْمَانَ، مَوْلَى بَنِي مَخْزُومٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُعْتَرَكُ الْمَنَايَا بَيْنَ السِّتِّينَ إِلَى السَّبْعِينَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کی عمر ساٹھ سے ستر سال تک ہو گی۔

6510- أخرجه مسلم جلد2صفحه70 عن ابن أبي شيبة واسحاق' كلاهما عن ابن عيينة' به .

6511- ورواه الترمذی جلد3صفحه257 من حديث الأعرج .

6512- نسبه السيوطی فی الجامع الصغير جلد2صفحه155 الی الحكيم ورمز لضعفه .

6513 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَقَلُّ أُمَّتِي أَبْنَاءُ سَبْعِينَ سَنَةً

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت کے بہت کم لوگ ساٹھ سال کے ہوں گے۔

6514 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اجْتَهَدَ قَالَ: يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کوشش کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے: یا حی یا قیوم۔

6515 - وَبِإِسْنَادِهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا هَمَّهُ الْأَمْرُ نَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ فَقَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی اہم کام ہوتا تو آپ آسمان کی طرف منہ کرتے اور سبحان اللہ العظیم پڑھتے تھے۔

6516 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ سَيْحَانَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الرُّزَيْنِيُّ قَالَ: فَمَا رَأَيْتُ مِثْلَهُ بِعَيْنِي قَطُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: لَمَّا أَسْلَمَ ثُمَامَةُ أَمَرَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَغْتَسِلَ وَيُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب حضرت ثمامہ اسلام لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو غسل کرنے اور دو رکعتیں پڑھنے کا حکم دیا۔

6517 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: رَكِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مَجْمَعِ السُّيُولِ فَقَالَ: أَلَا أُنَبِّئُكُمْ بِمَنْزِلِ الدَّجَّالِ مِنَ الْمَدِينَةِ؟، فَقَالَ: هَذَا مَنْزِلُهُ- يُرِيدُ الْمَدِينَةَ - فَلَا يَسْتَطِيعُهَا عَلَى كُلِّ نَقْبٍ مِنْ نِقَابِهَا مَلَكٌ شَاهِرٌ سِلَاحَهُ لَا يَدْخُلُهَا الدَّجَّالُ، وَهُوَ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مجمع سیول کی طرف جا رہے تھے سوار ہو کر۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو آگاہ نہ کروں مدینہ میں دجال کی جگہ پر۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ جگہ ہے اس کا ارادہ مدینہ کا ہوگا وہ اس کی طاقت نہیں رکھے گا، ہر گلی میں فرشتہ ہوگا اسلحہ لے کر دجال داخل نہیں ہوگا۔

6514- أخرجه الترمذى جلد4صفحه242 من حديث ابن أبى فديك به .

6515- أخرجه الترمذى جلد4صفحه242 من حديث ابن أبى فديك' عن ابراهيم' به .

6516- وأخرجه البخارى جلد2صفحه627 . ومسلم جلد2صفحه93 من حديث ليث' عن سعيد' عن أبى هريرة .

6517- قال فى مجمع الزوائد جلد7صفحه345: رواه أبو يعلى وفيه أبو معشر' وهو ضعيف .